BY LOVE SERVE ONE ANOTHER

Estd. 1864

# FORMAN CHRISTIAN COLLEGE

**(A Chartered University)**



Dr. Charles W. Forman

# NEWSLETTER 2022-23

# خبر نامہ

## Department of Urdu

## شعبۂ اُردو



## In this issue:


- Editorial
- Message from HOD
- Teaching Faculty
- Responsibilities & Committees
- Teaching & Learning Forum
- Urdu Essay Writing Competition
- Urdu Speech & Debate
- Annual Urdu Play
- Art & Literary Circle
- FCC Free Book Bank
- Events
- Promotion & Achievements



**Patron in Chief:**
Dr. Aneel Samuel, HOD (Urdu)

**Editor:**
Dr. Muhammad Zafar Iqbal

**Co-Editors:**
Ms. Hina Patrick
Mr. Johnson Rehmat
Mr. Muhammad Azeem Siddique

**Advisory Board:**
Prof. Tahir Masood
Dr. Shahida Dilawar Shah
Dr. Abida Batool




**Team Urdu Newsletter 2022-23**

# Editorial
# اداریہ

کسی بھی مُلک و قوم کی بقا، تشخص اور عظمت و وقار اُس کے زبان و ادب سے وابستہ ہے۔ زبان و ادب ہی نئے علوم و فنون اور جدید فکر و نظر کو پروان چڑھاتا ہے۔ شعبۂ اُردو زبان و ادب کے نئے امکانات اور جدید رجحانات کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ نوجوان نسل کی ذہنی و فکری تعلیم و تربیت اور کردار سازی میں ہمہ وقت مصروفِ عمل ہے۔ شعبۂ اُردو جہاں طلبا کی تعلیمی میدان میں کامیابی کے حصول کے لیے کوشاں ہے،وہیں طلبا کی علمی و ادبی اور فنونِ لطیفہ سے متعلق خوابیدہ صلاحیتوں کو بھی جلا بخش رہا ہے۔



ڈاکٹر محمد ظفر اقبال
ایڈیٹر

محترم قارئین! شعبۂ اُردو کے نیوز لیٹر کا شمارہ نمبر 3 برائے سیشن 23-2022ء پیشِ نظر ہے۔ نیوز لیٹر کا یہ شمارہ ہم نصابی اور غیر نصابی سرگرمیوں کے تنوّع کے باعث انتہائی اہمیت کا حامل ہے۔ اِس شمارے میں شعبۂ اُردو کی تدریسی سال کے دوران ہونے والی مختلف تخلیقی و تعمیری کاوشوں کی تصویر پیش کی جا رہی ہے۔ اُمید ہے قارئین کرام اِس کارِ آگاہی کی حوصلہ افزائی فرمائیں گے۔ میں اپنے ٹیم ممبران مِس حنا پیٹرک، محمد عظیم صدیق اور تکنیکی مہارتوں کے لیے خصوصاً جانسن رحمت کا شکر گزار ہوں۔

# Message from HOD
# صدرِ شعبہ کا پیغام

Urdu Language is one of the most spoken languages of the world. The asset of Urdu Literature can play a vital role in development of our young generation. In this age of science and technology, Urdu Literature can help in inculcating human values in individuals from every walk of life.

Department of Urdu is continuously engaged in developing their students' interest in literature, proficiency in Urdu language, character building and outstanding success in exams.



Dr. Aneel Samuel
HOD Urdu

# Responsibilities & Committees 2022-23

**Head of Department:**
Dr. Aneel Samuel

**Coordinator:**
Ms. Misbah Kanwal

**Staff Manager:**
Mr. Asif Silas

**Stationery:**
Mr. Johnson Rehmat

**Art & Literary Circle:**
Mr. Shahzad Ansar

**Free Book Bank:**
Dr. Muhammad Zafar Iqbal
Mr. Johnson Rehmat

**Urdu Newsletter:**
Dr. Muhammad Zafar Iqbal
Mr. Johnson Rehmat
Ms. Hina Patrick
Mr. Muhammad Azeem Siddique

**Annual Urdu Play:**
Ms. Hina Patrick
Mr. Muhammad Azeem Siddique
Mr. Asif Silas

**Event Management:**
Dr. Abida Batool
Mr. Muhammad Azeem Siddique
Ms. Sumera Kanwal

**Teaching & Learning Forum:**
Prof. Tahir Masood
Ms. Hina Patrick

**Syllabus, Test & Examination:**
Prof. Tahir Masood
Dr. Muhammad Zafar Iqbal
Mr. Johnson Rehmat

**Urdu Question Bank:**
Dr. Shahida Dilawar Shah
Mr. Shahzad Ansar
Ms. Misbah Kanwal
Mr. Muhammad Azeem Siddique
Ms. Sumera Kanwal

**Urdu Debates:**
Mr. Shahzad Ansar
Ms. Misbah Kanwal

**Urdu Essays:**
Dr. Abida Batool
Dr. Muhammad Zafar Iqbal

**Urdu Poetry:**
Dr. Shahida Dilawar Shah
Ms. Sumera Kanwal

# Teaching & Learning Forum

## Insight of Urdu Teaching

## اُردو تدریس کی بصیرت

30 اگست 2022ء کو سنکلئیر ہال اسٹاف روم میں ٹیچنگ اینڈ لرننگ فورم (ٹی۔ایل۔ایف) کی جانب سے ایک سیر حاصل ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔

ورکشاپ کے آغازمیں پروفیسر طاہر مسعود نے تعارفی کلمات ادا کیے۔ سب سے پہلے محترمہ سمیرا کنول نے "نئے تقاضے- نئے مواقع" کے موضوع پر یہ خیال ظاہر کیا کہ ہر نیا تقاضا ہمیں کچھ نیا سیکھنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔"مؤثر جانچ" کے موضوع پر ڈاکٹر محمد ظفر اقبال نے کارآمد معلومات کا تبادلہ کیا اور بتایا کہ امتحانی پرچوں کی مؤثر جانچ سے طلبا کی کامیابی کو مزید یقینی بنایا جا سکتا ہے۔


"شعبہ جاتی باہمی تعاون" کے سلسلے میں محترمہ مصباح کنول نے یہ احساس دلایا کہ باہمی تعاون ہی وہ واحد سیڑھی ہے، جو ہمیں مقصد کے حصول میں مدد دے سکتی ہے۔"طریقہ ہائے تدریس، کردارسازی" کے موضوع پر محترم شہزاد انصر نے روشنی ڈالی اور واضح کیا کہ عملِ تدریس میں طلبا کی کردار سازی کر کے انھیں معاشرے کا مفید رکن بنایا جا سکتا ہے۔ ڈاکٹر شاہدہ دلاور شاہ نے نہایت زندہ دلی سے عملی طور پر سمجھایا کہ "متحرک کمرۂ جماعت" اچھے نتائج کا حامل ہوتا ہے۔ ان کا انداز بہت سراہا گیا۔ پروفیسر طاہر مسعود نے "بورڈ سے متعلقہ تدریسی مہارتیں" بیان کیں۔ ان کی گہری تحقیق سے تدریسی کتب میں موجود اغلاط کی نشاندہی ممکن ہوئی، جو مستقبل میں کافی مفید ثابت ہو گی۔ سوال و جواب کے سیشن میں سوالات کے جوابات کے ساتھ ساتھ کارآمد مشورے بھی دیے گئے۔ صدر شعبۂ اردو، ڈاکٹر انیل سیموئیل نے تمام سہولت کاران کی کوششوں کو منفرد انداز میں سراہا۔ آخر میں فورم کی نائب کوآرڈینیٹر محترمہ حنا پیٹرک نے تمام شرکا سے اظہارِ تشکّر کیا۔

## Timeline

### TLF Workshop on **Insight of Urdu Teaching**

Sinclair Staff Café, Wednesday, 30th August 2022, 10 am-1 pm.

| Time Duration | Topic | Resource Person |
|---|---|---|
| 10am to 10:10am | Opening Words | Prof. Tahir Masood/TLF |
| 10:10 to 10:30 | New Challenges: New Opportunities | Ms. Sumera Kanwal |
| 10:30 to 10:50 | Effective Assessment | Dr. Muhammad Zafar Iqbal |
| 10:50 to 11:10 | Interdepartmental Cooperation | Ms. Misbah Kanwal |
| Tea Break | | |
| 11:30 to 11:50 | Ways of Teaching "Character Building" | Mr. Shahzad Ansar |
| 11:50 to 12:10 | Lively Classroom | Dr. Shahida Dilawar Shah |
| 12:10 to 12:30 | BISE Oriented Pedagogies | Prof. Tahir Masood |
| 12:30 to 1:00 pm | Q/A Closing Words | Ms. Hina Patrick/TLF |



Dr. Aneel Samuel shared his views about TLF Session



Prof. Tahir Masood shared his views about BISE Oriented Pedagogies



Dr. Shahida Dilawar Shah shared her knowledge about Lively Classroom





Dr. Muhammad Zafar Iqbal shared his views about Effective Assessment




Mr. Shahzad Ansar shared his views about Ways of Teaching Character Building



Ms. Misbah Kanwal shared her views about Interdepartmental Cooperation




Ms. Sumera Kanwal shared her views about New Challenges: New Opportunities



Ms. Hina Patrick conducted a Question Answer Session and shared a closing note




Group Photograph after TLF Session

# Teaching & Learning Forum

## Result Oriented Methodologies

## نتیجہ خیز طریقہ ہائے تدریس

مورخہ یکم جون 2023ء کو سنکلیر ہال اسٹاف روم میں ٹی۔ایل۔ایف کی جانب سے ایک سیر حاصل ورکشاپ کا انعقاد کیا گیا۔

ورکشاپ کے آغازمیں پروفیسر طاہر مسعود نے تعارفی خطبہ دیا۔ سب سے پہلے جناب جانسن رحمت اورڈاکٹر محمد ظفر اقبال نے "اُردو تحریر کی مہارتیں" کے موضوع پر کارآمد معلومات کا تبادلہ کیا۔ان کا موضوع دو حصّوں پر مشتمل تھا۔پہلے حصّے میں جانسن رحمت نے تدریسِ ادب کے پہلوؤں پر روشنی ڈالی اور ساتھ ہی ساتھ اُردو لازمی اور اختیاری کے سلیبس سے بھی متعارف کرایا۔ دوسرے حصّے میں ڈاکٹر محمد ظفر اقبال نے اردو کی تحریری مہارتوں پر روشنی ڈالی اور طلبا کی جانب سے تحریر میں کی جانے والی اغلاط اور ان کے تدارک پر تفصیلی اورمؤثر گفتگو کی۔

محترمہ مصباح کنول اور شہزاد انصر صاحب نے تمثیلی انداز میں "دلچسپ اردو شناسی" کے موضوع پر تفصیلی بات کی۔ دونوں سہولت کاروں نے عالمی سطح پر بولی جانے والی زبانوں کا تعارف پیش کیا اور ”دلچسپ اُردو تدریس“ کے طریقوں پر اظہارِ خیال کیا۔

صدرِ شعبہ ڈاکٹر انیل سیموئیل نے سمارٹ سکورنگ کے موضوع پر اظہارِ خیال کیا جس کا لبِ لباب تھا کہ کس طرح رزلٹ کو مزید بہتر بنایا جا سکتا ہے۔ تمام اراکین نے سوالات کے ساتھ ساتھ ایک دوسرے کو کارآمد مشورے بھی دیے۔

صدر شعبۂ اُردو، ڈاکٹر انیل سیموئیل نے تمام سہولت کاران کی کوششوں کو منفرد انداز میں سراہا اور ساتھ ہی ساتھ تمام احباب سے اظہارِ تشکّر بھی کیا۔

# Timeline

## TLF Workshop on **Result-Oriented Methodologies**

**(for Intermediate Urdu Classes)**

Sinclair Staff Café, Thursday, 1st June 2023, 10 am-1 pm.


| Time Duration | Topic | Resource Person |
|---|---|---|
| 10 am to 10:10 am | Opening Words | Prof. Tahir Masood/TLF |
| 10:10 to 11:10 | Urdu Writing Skills<br>Q/A Session | Dr. Muhammad Zafar Iqbal &<br>Mr. Johnson Rehmat |
| Tea Break | | |
| 11:30 to 12:30 pm | Interesting Urdu-ology<br>Q/A Session | Mr. Shahzad Ansar &<br>Ms. Misbah Kanwal |
| 12:30 to 12:55 | Smart Scoring<br>Q/A Session | Dr. Aneel Samuel |
| 12:55 to 1:00 pm | Closing Words | Ms. Hina Patrick/TLF |
| Lunch | | |



Prof. Tahir Masood Shared the opening words of TLF Session



Dr. Muhammad Zafar Iqbal shared his knowledge about Urdu Writing Skills & Writing Issues



Dr. Aneel Samuel gave his presentation about Smart Scoring & Overall Result Analysis 2022




Mr. Johnson Rehmat shared his views about Urdu Compulsory & Elective syllabus and paper pattern



Ms. Misbah Kanwal shared her knowledge about Interesting Urdu-ology




Mr. Shahzad Ansar shared his views about Interesting Urdu-ology




Group Photograph after the TLF Session

# Urdu Essay Writing Competition
# مقابلہ اُردو مضمون نویسی

شعبۂ اُردو کے زیرِ اہتمام ڈاکٹر عابدہ بتول اور ڈاکٹر محمد ظفر اقبال نے 31 جنوری2023ء کو ”ہمارا نظامِ تعلیم“ کے موضوع پر مقابلہ اُردو مضمون نویسی کا انعقاد کیا۔جس میں سالِ اوّل اور سالِ دوم کے طلبا نے بھر پور شرکت کی۔ اس مقابلے کے منصفین میں پروفیسر طاہر مسعود، ڈاکٹر شاہدہ دلاور شاہ اور صدرِ شعبہ ڈاکٹر انیل سیموئل شامل تھے۔ مقابلے میں شریک طلبا کو وائس ریکٹر کالج جناب ڈاکٹر آئیون سنیل اورکالج کوآرڈینیٹر ڈاکٹر لبنیٰ عامر نے سرٹیفکیٹس سے نوازا اور اوّل،دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا کو شیلڈز پیش کیں۔اس مقابلے کا بنیادی مقصد طلبا کی فکری اور تخلیقی صلاحیتوں کا فروغ تھا۔





Dr. Abida Batool & Dr. Muhammad Zafar Iqbal conducting the Urdu Essay Writing Competition










Some Glimpses of Award & Certificate Distribution Ceremony of Urdu Essay Writing Competition and Urdu Annual Play

# Urdu Speech & Debate

# اُردو تقریر اور مباحثہ

## انٹرمیڈیٹ اُردو مجلسِ مباحثہ کا قیام:

بحث کا بنیادی مقصد دیے گئے موضوع کے بنیادی مسائل کے متعلق طلبا میں مؤثر تنقیدی سوچ پیدا کرنا ہے۔ کمرۂ جماعت یا روزمرّہ کی معاشرتی زندگی میں مباحثے کا عمل طلبا کو حقیقی دنیا کے موضوعات اور مسائل کو دریافت کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے۔ مباحثے طلبا کو غور و فکر کے قابل بناتے ہیں اور انہیں اپنے ساتھیوں سے سیکھنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ انٹرمیڈیٹ اُردو مجلسِ مباحثہ کا قیام وائس ریکٹر کالج جناب ڈاکٹر آئیون سنیل کی زیرِ قیادت عمل میں لایا گیا ۔ جناب ڈاکٹر انیل سیموئیل (صدر شعبۂ اُردو) کی زیرِ نگرانی جناب شہزاد انصر اور محترمہ مصباح کنول کو بالترتیب، ایڈوائزر اور معاون ایڈوئزر مقرر کیا گیا۔







## مباحثہ کی مہارتوں پر ورکشاپ:

نومبر 2023ء میں طلبا کے لیے ایک خصوصی تربیتی سیشن کا اہتمام کیا گیا تاکہ ان کی مباحثہ کی صلاحیتوں کو بڑھایا جا سکے۔ جناب شہزاد انصر نے اس ورکشاپ کے سہولت کار کی حیثیت سے طلبا کو فنِ مباحثہ پر معلومات اور رہنمائی فراہم کی۔ اس سیشن میں کل 17 طلبا نے حصّہ لیا اور سیشن کے بعد "مباحثہ مقابلہ" کا اعلان کیا گیا جس میں 10 طلبا کی 5 ٹیموں نے حصّہ لیا۔ پروفیسر طاہر مسعود، جناب شہزاد انصر اور محترمہ مصباح کنول نے بطور منصفین خدمات سر انجام دیں ۔ اِس مقابلے میں اُردو کے سنجیدہ اور مزاحیہ موضوعات شامل تھے ۔ مقابلہ کےاختتام پر ہر موضوع کے اوّل، دوم اور سوم پوزیشن حاصل کرنے والے طلبا کی تعریفی اسناد کے ساتھ حوصلہ افزائی کی گئی۔





Some Glimpses of Workshop on Urdu Debates

## Participation in External Competitions & Awards
## بیرونی مقابلہ جات میں شمولیت و اعزازات:

حلقہ فنون و ادب کے دو طلبا یحییٰ مبین اور احمد نے "UCP - MUN" میں حصہ لیا۔ یہ مقابلہ 27-29 جنوری 2023ء کو منعقد کیا گیا۔ یحییٰ مبین کو "شاندار سفارت کار" اور احمد کو "خصوصی تذکرہ کار" کے ایوارڈ سے نوازا گیا۔

اُردو مجلس مباحثہ کے رُکن طالب علم محمد عمر فاروق نے ایف سی کالج کی نمائندگی کرتے ہوئے ڈیفنس سکولز اینڈ کالجز کے زیرِ اہتمام منعقدہ سالانہ تقریری مقابلہ میں شرکت کی۔ حلقہ فنون و ادب طلبا کی دیگر اداروں میں عملی شمولیت اور ایک صحت مندانہ مقابلہ کے رجحان کو پروان چڑھانے کے لیے کوشاں ہے۔















Some Glimpses of Urdu Speech & Debate Competitions

# Annual Urdu Play
# سالانہ اُردو ڈراما

سنکلئیر ہال میں سالانہ اُردو ڈراما " وارڈ نمبر 47" 7 مارچ 2023 کو سٹیج پر پیش کیا گیا۔اس ڈرامے میں ریکٹر جناب ڈاکٹر جوناتھن ایڈلٹن اور وائس ریکٹر کالج جناب ڈاکٹر آئیون سنیل کے ہمراہ دیگر مہمانانِ گرامی نے خصوصی شرکت کی۔ " وارڈ نمبر 47" کی ہدایت کار مس حنا پیٹرک اور معاون ہدایت کاروں میں مسٹر محمد عظیم صدیق اور مسٹر آصف سیلاس شامل تھے۔ "وارڈ نمبر 47" ہندوستان کی تقسیم اور ہجرت کے المیہ کی کہانی ہے۔معروف افسانہ نگار سعادت حسن منٹو کے افسانے " ٹوبہ ٹیک سنگھ" کو ڈرامائی تشکیل دے کر انسانی زندگی پر مرتّب ہونے والے ہجرت کے اثرات کی عکس بندی کی گئی ہے۔اس ڈرامے کی چند تصویری جھلکیاں پیشِ خدمت ہیں۔
















Cast and Crew of the play with Dr. Jonathan Addleton, Rector FCCU and Dr. Ivan Suneel, Vice Rector (College)

# Art & Literary Circle
# حلقہ فنون و ادب

اس سال حلقہ فنون و ادب کی جانب سے انٹرمیڈیٹ کے طالب علموں کے ادبی ذوق کی تسکین اور فنی آبیاری کی غرض سے درج ذیل سر گر میوں کا انعقاد کیا گیا:

## سالِ اوّل کے طلبا کو خوش آمدید:

نئے تعلیمی سیشن 23-2022ء کے آغاز کے موقع پر حلقہ فنون و ادب کے طلبا نے دیگر سوسائٹیز کے ساتھ مل کر آنے والے نئے طلبا کو انتہائی گرم جوشی سے خوش آمدید کہا۔ اس خاص موقع پر حلقہ فنون و ادب کے طلبا کی جانب سے خوش آمدید کہنے کے لیے گٹار پر مختلف گیت پیش کیے گئے۔ اس موقع پر تمام پروگرام کی فوٹو گرافی کا فریضہ بھی حلقہ فنون و ادب کے میڈیا سیل نے سر انجام دیا۔




Dr. Lubna Amir (College Coordinator) with Students & Faculty for Welcoming 1st Year Students


## بات کرکے دیکھتے ہیں !

حلقہ فنون و ادب کے زیرِ اہتمام 24 جنوری 2023ء کو معروف ادبی شخصیت، مؤرخ اور پاکستان میں اقوام متحدہ کی ادبی و ثقافتی ترجمان، محترمہ ڈاکٹر عارفہ سیدہ زہرا (سابق وائس چانسلر، لاہور کالج فار وومن یونی ورسٹی) کے ساتھ " بات کر کے دیکھتے ہیں! " کے تناظر میں ایک اصلاحی لیکچر کا انعقاد کیاگیا۔ جس میں ایک مؤثر " فارمانائیٹ" کی حیثیت سے زندگی گزارنے اور معاشرے میں من حیث القوم اپنی ذمہ داریوں کو خوش اسلوبی سے ادا کرنے کی اہمیت کو اجاگر کیاگیا۔ یہ لیکچر بنیادی طور پر وائس ریکٹر کالج جناب ڈاکٹر آئیون سنیل کے "کردار سازی" کے وژن کو مدِ نظر رکھ کر منعقد کیاگیا جس میں کالج کوآرڈینیٹر ڈاکٹر لبنی عامر، جناب ڈاکٹر انیل سیموئیل ( صدر، شعبۂ اُردو) و دیگر مہمانانِ گرامی ،اساتذہ کرام اورطلبا نے بھر پور شرکت کی اور اس کاوش کو خوب سراہا۔ اختتام پر جناب ڈاکٹر انیل سیموئیل اور اور ایڈوائزر حلقہ فنون و ادب، جناب شہزاد انصر نے ڈاکٹر عارفہ سیدہ زہرا کی خدمت میں یادگاری شیلڈ پیش کی۔










Prof. Dr. Syeda Arifa Zahra as Guest Speaker at ALC Event

## علّامہ محمد اقبال کے مزار پر حاضری:

علّامہ محمد اقبال ہمارے قومی شاعر ہیں۔ انٹرمیڈیٹ کے اُردو نصاب کا ایک اہم حصّہ اُن کی شاعری اور مکتوبات پر مشتمل ہے۔ علّامہ محمد اقبال کے جنم دن کی مناسبت سے حلقہ فنون و ادب کی انتظامی کمیٹی نے ایڈوائزر حلقہ فنون و ادب، جناب شہزاد انصر کی سر براہی میں 9 نومبر 2022ء کو مزارِ اقبال پر حاضری دی، پھُول پیش کیے اور فاتحہ خوانی کی۔ اس موقع پر جناب شہزاد انصر نے علّامہ اقبال کے ''نظریۂ خودی اور ہمارے شخصی رویّے'' کے موضوع پر مختصر مگر جامع انداز میں اظہارِ خیال کیا۔





Students of ALC visited Allama Iqbal Mausoleum on his Birth Anniversary with Mr. Shahzad Ansar

## ”فرینڈز آف فارمن“ کا دورۂ ایف سی کالج:

”فرینڈز آف فارمن“ کے دورۂ ایف سی کالج کے موقع پر حلقہ فنون و ادب کے ایڈوائزر حلقہ جناب شہزاد انصر کی نگرانی میں حلقے کے شعبۂ میوزک سے تعلق رکھنے والے طلبا نے معزز مہمانوں کی خدمت میں گیت پیش کیا۔ گیت میں معزز مہمانوں کی ایف سی کالج کے لیے خدمات کو بخوبی سراہا گیا۔ نیز طالب علم حمزہ سعید نے دیگر طلبا کی نمائندگی کرتے ہوئے معزز مہمانوں کو کیمپس کے دورہ کے دوران طلبا کی مختلف سرگرمیوں کے حوالے سے معلومات بہم پہنچائیں۔





Some Glimpses of Friends of Forman Visit at FCC

## چیئرمین لاہور بورڈ کا دورۂ ایف سی کالج:

ڈاکٹر مرزا حبیب علی، چیئرمین، بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈسیکنڈری ایجوکیشن، لاہور کے دورہ فارمن کرسچن کالج کے موقع پر حلقہ فنون و ادب کے صدر طالب علم حمزہ سعید نے دیگر طلبا کی نمائندگی کرتے ہوئے جناب چیئرمین بورڈ کو کالج سرگرمیوں کی تفصیلات سے آگاہ کیا۔ حمزہ سعید نے اس تمام دورے میں وائس ریکٹر کالج جناب ڈاکٹر آئیون سنیل اور چیئرمین لاہور بورڈ کی عملی معاونت کا فریضہ بھی انجام دیا۔





Dr. Mirza Habib Ali, Chairman BISE Lahore and his team with Dr. Ivan Suneel Vice Rector (College) at visit of FCC

## Art Exhibition
## تصویری نمائش:

فنونِ لطیفہ کی صلاحیتوں کو اُجاگر کرنے کے لیے ایف سی کالج میں حلقہ فنون و ادب کے زیرِ اہتمام تصویری مقابلہ کا انعقاد کیا گیا جس میں طلبا کے ہاتھ سے بنائے گئے فن پاروں اور فوٹو گرافی پر مشتمل تصاویرکو شامل کیا گیا۔ ہاتھ سے بنائے گئے فن پاروں میں محمد انس نے اوّل پوزیشن جب کہ فوٹو گرافی میں محمد اسرار صدیقی نے اوّل انعام حاصل کیا۔ بعد ازاں مختلف موضوعات کی عکاس دیگر تصاویر کو بھی انعام یافتہ فن پاروں کے ساتھ نمائش میں آویزاں کیاگیا۔ اس تصویری نمائش میں وائس ریکٹر کالج جناب ڈاکٹر آئیون سنیل، کالج کوآرڈینیٹر ڈاکٹر لبنی عامر، صدر شعبۂ اُردو ڈاکٹر انیل سیموئیل اور دیگر مہمانانِ گرامی نے بھر پور شرکت کی اور طلبا کی کوششوں اور ایڈوائزر حلقہ فنون و ادب، جناب شہزاد انصر کی کاوشوں کو سراہا۔





Dr. Ivan Suneel, Vice Rector (College), HOD Urdu and faculty members praising the Art Exhibition.

## International Day of Mother Languages
## مادری زبان کا عالمی دن:

مارچ 2023ء میں ”مادری زبان کا عالمی دن“ کے موقع پر فارمن کرسچن کالج کی ”بنیادی اقدار“ کو جناب ڈاکٹر انیل سیموئیل (صدر شعبۂ اُردو) کی سربراہی اور ایڈوائزر حلقہ فنون و ادب، جناب شہزاد انصر کی نگرانی و رہنمائی میں پاکستان کی مختلف علاقائی زبانوں میں ترجمہ کر کے طلبا کے لیے قابلِ فہم بنایا گیا۔ اِس موقع پر پاکستان کے صوبوں، مختلف ثقافتوں، قبیلوں اور زبانوں کی نمائندگی کرتے ہوئے طلبا نے پشتو، پنجابی، بلوچی، سرائیکی، ہریانوی، انگریزی اور قومی زبان اردو میں فارمن کرسچن کالج کی ”بنیادی اقدار“ کی بلند خوانی کی۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے وائس ریکٹر کالج جناب ڈاکٹر آئیون سنیل نے شعبۂ اُردو کی کارکردگی، طلبا کی کوششوں اور ایڈوائزر حلقہ فنون و ادب، جناب شہزاد انصر کی کاوشوں کو سراہا اور اپنے حوصلہ افزا پیغام میں آئندہ ایّام میں طلبا کو مزید آگے بڑھنے اور کردار سازی کے ذریعے مؤثر نمائندگی کی تلقین کی۔






Worthy Vice Rector Dr. Ivan Suneel with students and faculty on International Day of Mother Languages

## Mehfil e Mushaira
## محفلِ مشاعرہ:

مارچ 2023ء میں حلقہ فنون و ادب کے زیرِ اہتمام سالانہ محفلِ مشاعرہ کا انعقاد کیا گیا جس میں نوجوان نسل کے نمائندہ شعرا کرام کو بہ طور مہمان شاعر مدعو کیا گیا۔ اِس مشاعرے کی صدارت عہدِ حاضر کے مقبول شاعر جناب واجد امیر نے کی جب کہ دیگر مہمان شعرا رضا جعفری، تجمل کاظمی، عزیر یوسف، جون کاظمی، حافظ زین العابدین، ماہ نور رانا اور زوہیب عالم نے اپنے کلام سے حاضرین سے داد پائی۔ اِس مشاعرے میں نوجوان شعرا کرام کو مدعو کرنے کا بنیادی مقصد یہ تھا کہ طلبا کو تحریک دی جائے کہ وہ مؤثر ادبی تخلیق کے لیے عہدِ حاضر کے ادبی فن پاروں سے نہ صرف استفادہ کریں بلکہ ادیب و شاعر حضرات سے براہِ راست ملاقات اور ہم کلامی کی سعادت بھی حاصل کر سکیں۔ ایڈوائزر حلقہ فنون و ادب، جناب شہزاد انصر نے اس مشاعرے کی نظامت کے فرائض انجام دیے۔ محفل کے اختتام پر معزز مہمانوں کی تواضع پُر تکلف چائے سے کی گئی۔



Famous Poet Wajid Ameer with HOD Urdu



Worthy Vice Recor and Honorable Guest in Mehfil e Mushaira










Young Urdu Poets are reciting their poetry in Mehfil e Mushaira

# Jashn e Baharan

## جشنِ بہاراں:

فارمن کرسچن کالج، لاہور، پاکستان کے مختلف صوبوں سے حصولِ تعلیم کی غرض سے آنے والے طلبا کا ایسا گلدستہ ہے جس میں مُلک کے ہر علاقے کی ثقافت رچی بسی ہوئی ہے۔ اِسی کے پیشِ نظر حلقہ فنون و ادب کے زیرِ اہتمام 13 مارچ 2023ء کو جشنِ بہاراں کا انعقاد کیا گیا جس میں ایف سی کالج سے فارغ التحصیل وہ طلبا جو اب کسی  نہ کسی سطح پر موسیقی میں اپنی پہچان رکھتے ہیں، انھیں عزت افزائی اور فن کے مظاہرے کے لیے مدعو کیا گیا۔ اس موقع پر انٹرمیڈیٹ کے طلبا کی جانب سے صوبائی اور علاقائی  رقص  خوب صورت انداز میں پیش کیے گئے۔ محفلِ موسیقی کو ''سٹارز آف ایف،سی،سی'' کا نام دیا گیا۔ پروگرام کے اختتام پر مہمان گلو کاروں کو شیلڈز پیش کی گئیں جب کہ اس سال کی حلقہ فنون و ادب کی انتظامی کمیٹی کے اراکین میں  شیلڈز اور سرٹیفیکیٹ بھی تقسیم کے گئے۔  پروگرام کا اختتام مہمانانِ گرامی کی تواضع اور طعام سے ہوا۔















Some Glimpses of Jashn e Baharan

# FCC Free Book Bank
# ایف سی سی فری بک بینک

شعبۂ اُردو کے زیر انتظام سال 2012ء سے ایف سی سی فری بک بینک اپنی خدمات سر انجام دے رہا ہے۔ یہ سوسائٹی کالج موٹو "By Love, Serve One Another" پر عمل کرتے ہوئے مستحق اور ضرورت مند طلبا کو مفت نصابی کتابیں فراہم کرنے میں ہمہ وقت مصروفِ عمل ہے۔ اِس فریضے کی انجام دہی کے لیے عطیات اکٹھے کیے جاتے ہیں اور ان عطیات سے نصابی کتب خرید کر سالِ اوّل اور سالِ دوم کے ضرورت مند طلبا میں تقسیم کی جاتی ہیں۔ رواں برس 23-2022ء میں کم و بیش 375 نئی اور استعمال شدہ کتابیں طلبا میں تقسیم کی گئیں تاکہ طلبا بغیر کسی رکاوٹ کے محنت اور لگن سے اپنا تعلیمی سفر جاری رکھ سکیں۔



Dr. Muhammad Zafar Iqbal (General Secretary) and Mr. Johnson Rehmat (In-charge Buying & Issuing) with Dr. Aneel Samuel (HOD Urdu)





New Book Rack for FCC Free Book Bank

# Events
# تقریبات

## Christmas Day
## کرسمس ڈے:







Vice Rector, Dr. Ivan Suneel is cutting the Christmas Cake with Department of Urdu

## Birthdays
## سال گرہ:







Some Glimpses of Birthday Celebrations

# Promotions & Achievements
## ترقی و کامرانی




صدر شعبۂ اُردو، ڈاکٹر انیل سیموئیل کو اُن کی تدریسی خدمات کے اعتراف میں ایسوسی ایٹ پروفیسر سے پروفیسر کے عہدے پر ترقی دی گئی۔



شعبۂ اُردو سے وابستہ ڈاکٹر عابدہ بتول کو اُن کی تدریسی خدمات کے اعتراف میں ایسوسی ایٹ پروفیسر سے پروفیسر کے عہدے پر ترقی دی گئی۔



شعبہ اُردو سے وابستہ جانسن رحمت کو اُن کی تدریسی خدمات کے اعتراف میں لیکچرار سے اسسٹنٹ پروفیسر کے عہدے پر ترقی دی گئی۔




شعبۂ اُردو سے وابستہ پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ دلاور شاہ کا ناول بعنوان ”زندگی ایک ناراض متن“ منظر عام پر آیا۔ اس ناول سے قبل ڈاکٹر صاحبہ کی شاعری و نثر پر مبنی سولہ کتابیں منظر عام پر آ چکی ہیں۔

